جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کی سیاسی سرگرمیاں:

۲۵ ستمبر ۲۰۱۲ء بروز منگل وزیرستان اور دیگر قبائل سے اظہار یکجہتی‘ فوجی آپریشن اور ڈرون حملوں کے خلاف بنوں شہر میں فضل قادر شہید ہال میں سربراہی اجلاس منعقد ہوا جس میں دفاع پاکستان کونسل کے قائدین نے شرکت کی۔ اور اس سے اگلے دن ۲۶ ستمبر کو اسلام آباد میں دفاع پاکستان کونسل کا اہم سربراہی اجلاس حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی زیر قیادت منعقد ہوا۔ یکم اکتوبر کو پشاور تا جمرود ملین مارچ منعقد کی گئی۔ یہ ملین مارچ صبح 10:00 بجے صبح پشاور کے رنگ روڈ سے شروع ہو کر جمرود کے باب خیبر پر ایک عظیم الشان جلسہ کی شکل میں اختتام پذیر ہوئی۔ جس کی قیادت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے فرمائی۔ اسی طرح ۱۴ اکتوبر ۲۰۱۲ء کو اہلیان کشمیر سے یکجہتی کے اظہار کے لئے‘ مظفر آباد میں دفاع پاکستان کونسل کا عظیم الشان جلسہ کیا گیا جس میں دفاع پاکستان کے قائدین سمیت علاقہ بھر سے آئے ہوئے ہزاروں افراد نے شرکت کی۔

دارالعلوم کی تعلیمی کمیٹی کا خصوصی اجلاس:

۱۱ اکتوبر بروز جمعرات دارالعلوم کی خصوصی تعلیمی کمیٹی کا اہم اجلاس حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اور خصوصی شرکت کیلئے جامعہ عثمانیہ پشاور کے مہتمم اور دارالعلوم حقانیہ کے سابق ناظم تعلیمات واستاذ حدیث مفتی غلام الرحمٰن صاحب تشریف لائے تھے۔ آپ کے ہمراہ جامعہ عثمانیہ کے ناظم تعلیمات حضرت مولانا حسین احمد صاحب بھی تھے۔ اجلاس میں دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات اور خصوصاً نظام تعلیم کے متعلق طویل صلاح مشورے ہوئے اور حال ہی میں دارالعلوم میں کی گئی جدید اصلاحات اور اس کے بہتر و مثبت نتائج پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اسی اجلاس میں مزید بہتری کیلئے کئی مفید تجاویز بھی سامنے آئیں۔

صحافیوں اور مہمانوں کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں ’’دی میسج‘‘ ٹی وی ٹیم کے منیجر حافظ عبدالمتین صاحب حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب سے انٹرویو ریکارڈ کرنے کے لئے تشریف لائے۔ انہوں نے حضرت مہتمم صاحب سے ان کے ذاتی خاندانی اور سیاسی حالات کے متعلق تفصیلی انٹرویو کیا۔ حضرت مہتمم صاحب نے سیکولر اور مغرب پرست نظریات رکھنے والے ٹی وی چینلو کی بھرمار میں ایک اسلامی صحیح عقیدے والے ٹی وی چینل میسج ٹی وی کے قیام پر علامہ خالد محمود صاحب اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔